# بینکنگ صارفین کے لئے
# کرونا وائرس
# (COVID-19)
# کے حوالے سے حفاظتی آگاہی اور تجاویز

کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے پاکستان بینکس ایسوسی ایشن نے صارفین اور بینک کے عملے کے درمیان کم سے کم رابطے کے حوالے سے درج ذیل احتیاطی تدابیر تجویز کی ہیں۔

- بینک برانچ سے کم سے کم رابطہ کریں اور اپنی بینکنگ ضروریات کے لئے متبادل ڈلیوری ذرائع (ADCs) مثلاً ATMs، انٹرنیٹ بینکنگ اور موبائل بینکنگ وغیرہ کا استعمال کریں۔
- متبادل ڈلیوری ذرائع (ADCs) استعمال کریں کیونکہ بینک کے ذریعہ لین دین میں استعمال ہونے والے کرنسی نوٹ وائرس کے پھیلاؤ کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔
- بینک کے عملے سے رابطہ کے دوران بینک کے عملے سے ہاتھ ملانے سے گریز کریں اور بینک کی سہولیات اور ATM کے استعمال کے بعد ہاتھوں کو صابن سے دھوئیں یا سینیٹائزر کا استعمال کریں۔
- اگر آپ میں بخار یا کھانسی کی علامات ہیں تو برائے مہربانی اپنی بینک برانچ جانے سے گریز کریں۔

مزید معلومات اور مدد کے لئے آپ اپنے متعلقہ بینک کے کال سینٹر اور ہیلپ لائن سے کسی بھی وقت رابطہ کر سکتے ہیں۔


**Pakistan Banks' Association**

www.pakistanbanks.org


پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی جانب سے مفاد عامہ کا پیغام